


# سی سی اے کے 20 کھلاڑیوں سمیت کُل 191 کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک کنٹریکٹ مل گئے

- ان 20 کھلاڑیوں میں سے 11 کا تعلق بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے علاقوں سے ہے
- عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر کامران غلام اور ساجد خان کو ترقی مل گئی
- کھلاڑیوں کی تنخواہوں میں اضافے سے موجودہ نظام مضبوط ہوگا اور اس سے متعلق شکوک وشبہات دور ہوجائیں گے، رمیز راجہ
- کچھ سینئر کھلاڑیوں نے ڈومیسٹک کنٹریکٹ کی بجائے ایونٹ بیس کنٹریکٹ وصول کیے

**لاہور، 15 ستمبر 2021ء:**

ڈومیسٹک کنٹریکٹ یافتہ کھلاڑیوں کی تنخواہوں میں اضافے سے متعلق چیئرمین پی سی بی رمیز راجہ کے اعلان کے ساتھ ہی ڈومیسٹک سیزن 22-2021 کے لیے 191 کھلاڑیوں کے لیے ڈومیسٹک کنٹریکٹس کا اعلان کردیا ہے۔

چیئرمین کے اعلان کے مطابق پی سی بی نے ڈومیسٹک کنٹریکٹ کی پانچ مختلف کیٹیگریز میں شامل کھلاڑیوں کے ماہوار وظیفے میں ایک لاکھ روپے کا اضافہ کردیا ہے۔ 157 میچز پر مشتمل یہ سیزن 15 ستمبر سے 30 مارچ تک جاری رہے گا۔

پیر کو کیے گئے اعلان کے بعد اے پلس کیٹیگری میں شامل 10 کھلاڑیوں کی ماہوار تنخواہ اب اڑھائی لاکھ روپے ہوگئی ہے۔ اے کیٹیگری میں شامل 40 کھلاڑی اب ماہوار ایک لاکھ 85 ہزار روپے ملیں گے۔ بی کیٹیگری میں شامل 40 کھلاڑی اب ایک لاکھ 75 ہزار روپے، سی کیٹیگری میں شامل 64 کھلاڑی اب 1 لاکھ 65 ہزار روپے اور ڈی کیٹیگری میں شامل 37 کھلاڑی اب ایک لاکھ 40 ہزار روپے ماہوار وصول کریں گے۔

لہٰذا، اے پلس کٹیگری کے کرکٹرز اب سالانہ تقریباً پانچ ملین روپے تک کمائیں گے۔ اور کٹیگری ڈی میں شامل کھلاڑی 3.75 ملین روپے کمار تک کمائیں گے ۔

جن کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک کنٹریکٹ کی پیشکش نہیں کی گئی، وہ اپنی ایسوسی ایشن کے انتخاب کے لیے دستیاب رہیں گے اور وہ گزشتہ سال کی طرح رواں سال بھی میچ فیس، ڈیلی الاؤنس اور انعامی رقم میں اپنا حصہ وصول کریں گے۔

**رمیز راجہ، چیئرمین پی سی بی:**

چیئرمین پی سی بی رمیز راجہ نے کہا کہ بہت ضروری ہے کہ ہم اپنے ڈومیسٹک کھلاڑیوں کو اچھی تنخواہ دیں تا کہ وہ اپنے کیریئر اور اہلخانہ کی فکر کی بجائے تمام تر توجہ اپنی مہارت اور فٹنس میں بہتری لانے پر مرکوز کریں۔

انہوں نے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کا فرض ہے کہ وہ ملک کے کرکٹرز کی دیکھ بھال کرے اور وہ اس فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس کر رہے تھے۔

رمیز راجہ کا کہنا ہے کہ کھلاڑیوں کی تنخواہوں میں نمایاں اضافہ ہمارے ڈومیسٹک نظام کو مضبوط کرے گا۔ یہ ہمارے کرکٹرز کی فلاح و بہبود سے متعلق شکوک و شبہات کو دور کرنے کا بھی باعث بنے گا۔

پی سی بی نے 191 کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک سیزن 22-2021 کے لیے کنٹریکٹ پیش کیے ہیں، جس میں سی سی اے ٹوڈے ٹورنامنٹس کے 20 کرکٹرز شامل ہیں۔ ان 20 کرکٹرز میں سے 11 کا تعلق بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے دور دراز علاقوں سے ہے کیونکہ پی سی بی نہ صرف ان علاقوں کے ٹیلنٹ کو آزمانے کے لیے پر عزم ہے بلکہ انہیں قومی فریم ورک میں شامل کرنے میں بھی مصروف ہے۔

ان 20 میں سے 11 کھلاڑیوں کا تعلق بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے علاقوں سے ہے، جن کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہے:

بلوچستان-عبدالحنان(قلعہ عبداللہ)، آفتاب احمد(لورالائی)، فہد حسین(جعفر آباد)، محمد ادریس(کوئٹہ)، محمد جاوید(پشین)، ثناء اللہ(لورالائی)، سید زین اللہ(پشین)اور طارق جمیل(لورالائی)

سینٹرل پنجاب-حسیب الرحمن(لاہور)، محمد عرفان جونیئر(شیخوپورہ)، محمد طریز(سیالکوٹ)اور محمد وحید(لاہور)

خیبرپختونخوا-محمد ابراہیم(صوابی)، وقار احمد(لوئر دیر)اور یاسر خان(بنوں)

ناردرن-اسد رضا(فیصل آباد)

سندھ-خزیمہ بن تنویر(کراچی)، مشتاق احمد کلہوڑو(سکھر)اور جنید الیاس(کراچی)

سدرن پنجاب-محمد شرون سراج(ساہیوال)

عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی سے متعلق پالیسی کے تحت پی سی بی نے ڈومیسٹک کرکٹر آف دی ایئر 2020 کا ایوارڈ حاصل کرنے والے کامران غلام اور آف اسپنر ساجد خان کو بالترتیب سی اور اے کٹیگری سے ترقی دے کر اے پلس کٹیگری میں شامل کرلیا ہے۔

کامران غلام نے گزشتہ سیزن میں قائداعظم ٹرافی فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ رنز بنانے کا 36 سالہ پرانا ریکارڈ توڑا تھا۔انہوں نے گزشتہ سیزن میں 1249 رنز بنائے تھے جبکہ آف اسپنر ساجد خان ایونٹ کے سب سے کامیاب باؤلر قرار پائے تھے۔انہوں نے 67 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.




National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4